سوال

(415) یہ کتاب الآثار سے تحریر ترجمہ کے لیے عرض ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ کتاب الآثار سے تحریر ترجمہ کے لیے عرض ہے : (ص : ۴۱)

((عن ام عطیۃ رضی اللہ عنہ قالت کان یرخص للنساء فی الخروج فی العیدین الفطر والاضحٰی قال محمد لایعجبنا خروجھن فی ذلک الا العجوز الکبیرۃ وھو قول ابی حنیفۃ۔))

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ام عطیہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو عیدیں عیدالفطر اور عیدالأضحی میں نکلنے کی رخصت واجازت دیا کرتے تھے۔ امام محمد رحمہ اللہ نے کہا ہمیں ان کا عیدین میں نکلنا اچھا نہیں لگتا، مگرا نتہائی بوڑھی عورت جا سکتی ہے۔ اوریہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے :

((أقول : من أنتم ؟ تقولون : لا یعجبنا خروجھن فی العیدین۔ وقد أمرھن رسول اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم بالخروج فی العیدین ولم یستثن منھن العجوز الکبیرۃ ولا الشابۃ الصغیرۃ ، ولا الکھلۃ الوطیرۃ۔ فمن أنتم ؟ وما قیمۃ رأیکم وقولکم فی جنب أمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی اطاعتہ اطاعۃ اللہ تعالیٰ وعصیانہ وعصیان اللہ تعالیٰ جل وعلا ؟)) ۷ ۱۰ ۱۴۲۲ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02 ص348

محدث فتویٰ